Jubilee
LIFE INSURANCE



HBL

ثمر

کیونکہ بہترین ہے
آپ کا حق

اگر آپ ایک بےفکر زندگی گزارنے کے ساتھ اپنے خاندان کو بغیر کسی مالی مشکلات کے زندگی کے تمام مراحل میں کامیاب دیکھنا چاہتے ہیں تو آپ کو اِس بات کو یقینی بنانے کی ضرورت ہے کہ آپ کے پاس اتنے وسیع فنڈز موجود ہوں جو آپ کے خوابوں کو پورا کرسکیں۔

جوبلی لائف انشورنس، ایچ بی ایل پاکستان کے اشتراک سے پیش کرتا ہے **ثمر پلان**، ایک ایسا انشورنس پلان جو خصوصاً ایسے مالی طور پر مستحکم افراد کے لئے ترتیب دیا گیا ہے جو تحفظ اور بچت دونوں فوائد حاصل کرنا چاہتے ہوں۔

برائے مہربانی ایچ بی ایل کی نامزد کردہ برانچوں پر موجود جوبلی لائف کے نمائندوں سے رابطہ کرکے اپنی ضروریات کے مطابق مناسب پلان حاصل کریں۔ برانچوں کی تفصیلات www.hbl.com پر دستیاب ہیں۔

## خصوصیات:

| | | |
|---|---|---|
| عمر | کم ازکم 18 سال، زیادہ سے زیادہ 65 سال | |
| میچورٹی کے وقت عمر | 75 سال، سالگرہ سے قریب ترین عمر | |
| پالیسی کی مدت | 10 سے 57 سال<br>پالیسی 10 سے 57 سال کی مدت تک کبھی بھی جاری رکھی جاسکتی ہے۔ مدت کا انحصار آپ کی ضروریات اور پالیسی خریدتے وقت آپ کی عمر پر ہے | |
| کم ازکم پریمیئم | سالانہ | 250,000 روپے |
| | ششماہی | 125,000 روپے |
| | سہ ماہی | 62,500 روپے |
| | ماہانہ | 20,834 روپے |
| کور ملٹیپل* | پالیسی ہولڈر کی بیمہ اور بچت کی ضروریات کے مطابق 5 سے 25 گنا | |
| سم اشورڈ | ریگولر سالانہ بنیادی پریمئیم x کور ملٹپل | |

*شرائط وضوابط لاگو ہیں۔

## تحفظ:

نامزد ورثاء کو انتہائی قابلِ قدر تحفظ پیش کیا جاتا ہے جو پالیسی ہولڈر کی ناگہانی موت کی صورت میں فوائد حاصل کرتا ہے۔ ان فوائد میں سم ایشورڈ یا فنڈز کی جمع شدہ کیش ویلیو میں سے جو بھی زیادہ ہو شامل ہوتے ہیں۔

## پلان کی تکمیل:

منتخب کردہ میعاد کی کامیاب تکمیل پر پالیسی ہولڈر کو فنڈز کی مجموعی کیش ویلیو ادا کی جائے گی۔

## فوائد:

مندرجہ ذیل تحفظ اور سرمایہ کاری جیسے عمومی لاگو فوائد کے علاوہ ثمر پلان آپ کو اضافی فوائد بھی فراہم کرتا ہے اور اس بات کی آزادی دیتا ہے کہ آپ اپنے مقاصد اور مالی استطاعت کے مطابق مختلف بیمہ فوائد میں سے انتخاب کر سکیں۔

سم اشورڈ اور فوائد کے حصول کے لئے آپ اپنے خاندان میں سے کسی کو اپنے وارث کے طور پر نامزد کر سکتے ہیں۔

## اضافی فوائد:

1۔ آٹو میٹک کور مینٹیننس:
دو سال تک پریمیئم کی ادائیگی کے بعد اگر آپ پریمیئم ادا نہ کر پائیں تو بھی آپ لائف انشورنس کے اہل ہوں گے، جب تک آپ کے پلان کی کیش ویلیو پالیسی چارجز کی ادائیگی کے لئے کافی ہو۔

2۔ ایڈہاک پریمیئم:
اگر آپ کے پاس کسی بھی مرحلے پر اضافی فنڈز دستیاب ہوتے ہیں تو آپ ثمر پلان کے تحت کسی وقت اپنی مرضی کے کسی فنڈ میں سرمایہ کاری کے لئے مختص کر سکتے ہیں۔ ایڈہاک میں سرمایہ کاری سے آپ کی کیش ویلیو میں اضافہ ہوگا۔

## اختیاری فوائد:

1۔ حادثاتی موت:
پالیسی ہولڈر کی حادثاتی موت کی صورت میں نامزد کردہ ورثاء کو ایک اضافی رقم ادا کی جائے گی۔

2۔ حادثاتی موت اور معذوری:
پالیسی ہولڈر کی حادثاتی موت یا معذوری کی صورت میں نامزد کردہ ورثاء / پالیسی ہولڈر کو اضافی رقم ادا کی جائے گی۔

3۔ سنگین بیماری:
پالیسی کے دوران پالیسی ہولڈر کو کسی مخصوص سنگین بیماری کی تشخیص کی صورت میں پالیسی ہولڈر کو ملنے والا سم اشورڈ پیشگی ادا کر دیا جائے گا۔

4۔ مستقل مکمل معذوری:
پالیسی کی مدت کے دوران پالیسی ہولڈر کو مستقل مکمل معذوری کی صورت میں سم اشورڈ پیشگی ادا کیا جائے گا۔

5۔ پریمیئم کی چھوٹ:
کسی بیماری یا معذوری کی صورت میں اگر آپ اپنا موجودہ پیشہ یا کوئی اور پیشہ (جو کہ آپ کی ذہانت،

تربیت یا تعلیم کے مطابق ہو) 6 ماہ یا زائد جاری نہ رکھ سکیں تو پریمیئم کی اگلی واجب الادا تاریخ سے آپ کا پریمیئم جوبلی لائف خود ادا کرے گی۔

### 6۔ جوبلی میڈی پیل

یہ اختیاری فائدہ لائف اشورڈ کو درپیش ایسی بیماری یا حادثہ کے نتیجے میں سالانہ 250,000 روپے تک کا تحفظ فراہم کرے گا جس کے باعث لائف اشورڈ کو ہسپتال میں داخلے کی صورت میں اخراجات کا سامنا کرنا پڑے۔ مزید برآں یہ کہ لائف اشورڈ اپنے شریکِ حیات کے لئے بھی میڈی پیل منتخب کر سکتا ہے۔

پالیسی ہولڈر کو منظور شدہ ہسپتالوں میں کسی ادائیگی کے بغیر پرائیوٹ کمرے میں معیاری طبی سہولیات سے مستفید ہونے کا فائدہ حاصل ہوگا۔

مزید معلومات کے لئے جوبلی میڈی پیل کا علیحدہ کتابچہ ملاحظہ کریں۔

## سرمایہ کاری کے مواقع:

### 1۔ پریمیئم ایلوکیشن:

ثمر پلان کے لئے جمع کروایا گیا آپ کا پریمیئم مندرجہ ذیل طریقے سے مختص ہوگا:

| پہلا سال | دوسرا سال | تیسرا سال | چوتھے اور پانچویں سال | چھٹے سال اور زائد | ایڈ ہاک |
|---|---|---|---|---|---|
| 50% | 85% | 90% | 100% | 103% | 100% |

### 2۔ سرمایہ کاری کے لئے فنڈز کا انتخاب:

درج بالا ٹیبل کے مطابق آپ کی ادائیگیوں کو آپ کی مرضی کے فنڈز میں مختص کیا جائے گا۔

| فنڈز | |
|---|---|
| **مینیجڈ فنڈ:** مینیجڈ فنڈ کا مقصد متوازن سطح کے وسیع رینج والے شیئرز، حکومتی اور فکسڈ انکم سیکورٹیز اور دیگر کیش ڈپازٹس میں ایسی سرمایہ کاری ہے جس سے سرمائے میں زیادہ سے زیادہ اضافہ ممکن ہو سکے۔ | **کیپٹل گروتھ فنڈ:** کیپٹل گروتھ فنڈ کا مقصد پالیسی ہولڈرز کے لئے اسٹاک کی بنیاد پر زیادہ سے زیادہ منافع کا حصول ہے جس کے لئے مختلف اقسام کے اثاثہ جات پر سرمایہ کاری کی جاتی ہے، جس میں گورنمنٹ سیکورٹیز، ٹرم فنانس سرٹیفکیٹ اور بینک ڈپازٹس شامل ہیں۔ |
| **میثاق فنڈ:** میثاق فنڈ کا مقصد ایسے سرمایہ کاروں کو مواقع فراہم کرنا ہے جو سود سے پاک سرمایہ کاری کرنا چاہتے ہیں۔ میثاق فنڈ کے ذریعے منتخب کردہ اسٹاکس، سکوک بانڈز، اسلامی بینکوں کے شارٹ ٹرم ڈپازٹس، اسلامی میوچل فنڈز، اسلامی بینکوں کے فکسڈ انکم فنڈز اور دیگر سود سے پاک سرمایہ کاری کے ذرائع میں سرمایہ کاری کی جاتی ہے۔ | **یقین گروتھ فنڈ:** یقین گروتھ فنڈ کا مقصد جوبلی لائف کے پالیسی ہولڈرز کو ایکوٹی سے کم سے کم متاثر ہونے والے فکسڈ انکم سیکورٹیز کے وسیع پورٹ فولیو میں شرکت کا موقع فراہم کرنا ہے۔ یقین گروتھ فنڈ ایسے افراد کے لئے مناسب ہے جو ڈیبٹ سیکورٹیز کے زیر اثر سرمایہ کاری سے منافع حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ |

نوٹ: جوبلی لائف کے فنڈز کے یونٹ نرخ صف اول کے روزناموں میں اور جوبلی لائف کی ویب سائٹ www.jubileelife.com پر دیکھے جاسکتے ہیں۔

## اضافی معلومات:

### جزوی دستبرداری:

کسی ہنگامی ضرورت کو پورا کرنے کے لئے آپ پالیسی سے دستبردار ہوئے بغیر کوئی بھی رقم نکلوا سکتے ہیں جب تک دستبرداری کے بعد پالیسی کی باقی ماندہ کیش ویلیو* 250,000 روپے یا اس سے زیادہ رہے۔ آپ کو لائف انشورنس کور حاصل رہے گا بہرحال آپ کے سم اشورڈ میں سے جزوی طور پر نکالی گئی رقم جتنی کٹوتی کی جائے گی۔ پالیسی کے ابتدائی دو سالوں میں جزوی دستبرداری کی صورت میں 5% چارجز لاگو ہوں گے جن کی کٹوتی آپ کے یونٹ اکاؤنٹ میں موجود کیش ویلیو سے ہوگی۔ پالیسی کے ابتدائی دو سالوں کے بعد جزوی دستبرداری پر کوئی کٹوتی نہیں ہوگی۔

* باقی ماندہ کیش ویلیو کی حد پر کمپنی نظر ثانی کر سکتی ہے۔

### مکمل دستبرداری:

آپ کے پاس اختیار ہے کہ آپ اپنی پالیسی سے کبھی بھی دستبردار ہو سکتے ہیں۔ دستبرداری پر سرنڈر چارجز کی کٹوتی کے بعد آپ کے فنڈز کی کیش ویلیو کی مکمل ادائیگی کر دی جائیگی۔ پالیسی کے ابتدائی دو سالوں میں سرنڈر کی صورت میں یونٹس کی بڈ ویلیو پر 5% سرنڈر چارجز لاگو ہوں گے۔ پالیسی کے ابتدائی دو سالوں کے بعد کوئی سرنڈر چارج لاگو نہیں ہوگا۔ بہرحال پالیسی کے ابتدائی سالوں میں دستبرداری کی صورت میں کیش ویلیو میں کمی واقع ہوگی۔

### فرِی لک عرصہ:

آپ کو 14 دن کا فرِی لک عرصہ دیا جائے گا جس کے دوران آپ پالیسی کی شرائط وضوابط کا جائزہ لے سکتے ہیں اور چاہیں تو پالیسی منسوخ کر سکتے ہیں۔ آپ کا پریمیئم، پالیسی کے اجراء کی تاریخ کے 14 دن کے اندر آپ کی تحریری درخواست پر آپ کو واپس کر دیا جائے گا۔ برائے مہربانی اس بات کو نوٹ کر لیں کہ جوبلی لائف طبی معائنے پر ہونے والے اخراجات (اگر کوئی ہوئی تو) کی کٹوتی کی مجاز ہے۔

### افراطِ زر سے مقابلہ:

افراط زر سے مقابلہ کرنے کے لئے آپ پالیسی میں انڈیکسیشن کا آپشن منتخب کر سکتے ہیں۔ اس آپشن کے تحت، جوبلی لائف انشورنس کی طے کردہ حد کے مطابق پریمیئم میں اضافہ ہوتا رہے گا۔ بہرحال آپ کو اس بات کا اختیار ہے کہ آپ انڈیکسیشن کا آپشن مسترد کر دیں۔

### پلان کے حصول کا طریقہ:

ثمر پلان حاصل کرنے کے لئے آپ کو ایچ بی ایل کی برانچ میں موجود جوبلی لائف انشورنس کے نمائندوں کو

مندرجہ ذیل مکمل شدہ دستاویزات جمع کرانے ہوں گے:

- شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ کاپی
- مکمل پروپوزل فارم بمعہ دستخط
- دستخط شدہ ڈائریکٹ ڈیبٹ انسٹرکشنز
- دستخط شدہ بیسک فیکٹ شیٹ
- دستخط شدہ پراڈکٹ انٹروڈکشن ڈاکیومنٹ
- اسسمنٹ فارم
- دستخط شدہ السٹریشن

## چارجز:

پلان پر مندرجہ ذیل چارجز* لاگو ہوں گے:

- فنڈز ویلیو کا 1.5% سالانہ انویسٹمنٹ مینجمنٹ چارج
- 185 روپے ماہانہ انتظامی فیس
- 5% بڈ آفر اسپریڈ
- مورٹیلٹی چارجز کا اطلاق
- رائیڈر منتخب کرنے کی صورت میں لاگو رائیڈرز چارجز
- پالیسی فیس:
  - سالانہ اور ماہانہ پریمیم کی ادائیگی کی صورت میں 0 روپے
  - ششماہی پریمیم کی ادائیگی کی صورت میں 250 روپے
  - سہ ماہی پریمیم کی ادائیگی کی صورت میں 300 روپے
- سوئچنگ / ری ڈائریکشن، 500 روپے اگر فی سال چار سے زائد منتخب کیا گیا ہو
- ابتدائی دو پالیسی والوں میں 5% سرنڈر / دستبرداری چارج۔ ابتدائی دو پالیسی سالوں کے بعد کوئی چارجز لاگو نہیں ہوں گے۔

* کمپنی تمام معاوضوں پر نظر ثانی کر سکتی ہے۔

## اعلانات:

- یہ پراڈکٹ جوبلی لائف کی جانب سے پیش کی جارہی ہے۔ ایچ بی ایل پاکستان یا اس سے ملحقہ ادارہ اس سے متعلقہ کسی چیز کا ضامن نہیں ہوگا اور نہ ہی یہ پراڈکٹ ایچ بی ایل پاکستان کی جانب سے پیش کی جارہی ہے۔ بیمہ شدہ کسٹمرز یا ورثاء کو کلیم کی ادائیگی کے لئے جوبلی لائف ذمہ دار ہے۔

- جوبلی لائف کے فنڈز کی ماضی کی کارکردگی ضروری نہیں ہے کہ مستقبل کی کارکردگی کی نشاندہی کرے۔ کوئی بھی کی گئی پیشن گوئی ضروری نہیں کہ فنڈز کے مستقبل کی کارکردگی کو ظاہر کرے۔ اس سلسلہ میں نہ تو جوبلی لائف اور نہ ہی ایچ بی ایل پاکستان پر اس کی ذمہ داری عائد ہوگی۔

- ہمارا سیلز کا نمائندہ آپ کو ذاتی السٹریشن فراہم کرے گا۔ براہ کرم دیگر شرائط وضوابط کی تفصیلات

جاننے کے لیے السٹریشن میں دیئے گئے نوٹس کا مطالعہ کریں۔

- براہِ کرم دیگر شرائط وضوابط کے تفصیلی جائزے کے لئے پالیسی دستاویزات کا مطالعہ کریں۔
- پالیسی حاصل کرتے وقت بیمہ دار کی عمر 55 سال ہو یا قریب ترین تاریخ پیدائش اسکے قریب ہو تو ضمنی فوائد دیئے جاسکتے ہیں۔
- ایچ بی ایل پاکستان، جوبلی لائف کے لئے تقسیم کار کی حیثیت سے کام کر رہا ہے اور کسی طور پر بھی کسی شخص، بیمہ شدہ فرد یا وارث کو جوابدہ نہیں ہے۔
- سرمایہ کاری میں نقصان خدشات پالیسی ہولڈر کی جانب سے برداشت کئے جائیں گے، پلان کی تکمیل کے وقت یا پالیسی ختم کرنے کے وقت اصل رقم بیان کردہ رقم کے مقابلے میں کم یا زیادہ ہوسکتی ہے۔
- براہ کرم بنیادی فنڈ کے ٹارگٹ ایسٹ مکس کی معلومات کے لئے کمپنی کی ویب سائٹ ملاحظہ کیجیئے:
http://jubileelife.com/investor-relations/investors-out-look/

**رابطہ کی تفصیلات:**

شکایت اور مزید تفصیلات کے لئے آپ رابطہ کرسکتے ہیں:


جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ

ہیڈ آفس: A-74/1، لالہ زار ایم ٹی خان روڈ، کراچی، 74000، پاکستان

ٹیلی فون: (021) 32120201, 35205094

فیکس: (021) 35610959

ای میل: info@jubileelife.com

ویب سائٹ: www.jubileelife.com

یو اے این: (021) 111 111 554

ایس ایم ایس: "JUBILEELIFE" لکھ کر 8398 پر بھیجیں

حبیب بینک لمیٹڈ

یو اے این: 111-111-425

ویب سائٹ: www.hbl.com